© rasailojaraid.com



مدیر کے قلم سے



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: اصلاح تلفظ واملاء مصنف: جناب طالب ہاشمی

صفحات: ۱۴۲ قیمت: ۸۰ روپے

ناشر: القمر انٹر پرائز غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

محترم جناب طالب ہاشمی نے زیر تبصرہ کتاب اپنی عام روش اور فطری وطبعی ذوق سے ہٹ کر (کیونکہ آپ اسلامی موضوعات اور تاریخ و سیر جیسے عنوانات پر لکھتے ہیں اور اس ضمن میں ہزاروں صفحات پر مشتمل کتابیں آپ کی منصۂ شہود پر آئی ہیں) یہ عظیم علمی اور تحقیقی کتاب تصنیف فرمائی ہے، اس کاوش پر آپ بجا طور پر داد و تحسین کے مستحق ہیں، اردو زبان گوکہ ہماری قومی زبان ہے لیکن اس کی آبیاری کی طرف کسی نے توجہ نہیں دی اور نہ کماحقہ سرکاری سطح پر اس کی سرپرستی کی گئی، جس کی وجہ سے یہ خوبصورت شیریں وشستہ اور شگفتہ زبان لفظی اور معنوی اغلاط کی آلائشوں سے آلودہ ہوتی گئی، اور آج عام حالت یہ ہے کہ بہت سے پڑھے لکھے حضرات بلکہ سکولوں اور کالجوں و یونیورسٹیوں کے اساتذہ لیکچررز پروفیسرز اور دیگر بڑے بڑے ماہرین فن سے تلفظ میں بعض ایسی فاش غلطیاں سرزد ہو جاتی ہیں، کہ طبع سلیم پر اس کے انتہائی ناگوار اثرات مرتب ہوتے ہیں، فاضل مصنف نے انتہائی عرق ریزی اور خونِ جگر سے یہ علمی مرقع اور تحقیقی مرصع اردو دان واردو خوان طبقہ کے لئے تیار کر کے وقت کی اہم ضرورت پوری کی ہے، بقول مصنف ''یہ کتاب کسی بھی حیثیت میں اردو بولنے اردو پڑھنے اور اردو لکھنے والے تمام طبقات ادباء شعراء خطباء معلمین، متعلمین مؤلفین ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے آرٹسٹوں نیوز کاسٹروں اور دوسرے محبانِ اردو کی خدمت میں اس غرض سے پیش کی جارہی ہے کہ وہ اپنی تحریروں تقریروں خطبوں اور گفتگو کو جہاں تک ہو سکے اغلاط سے محفوظ رکھیں''

زیر نظر کتاب یقیناً اس قابل ہے کہ ہر طبقہ کی طرف سے اس کی پذیرائی کی جائے، اور سرکاری وغیر سرکاری لائبریریوں کی زینت بنانے کے ساتھ ساتھ کالجوں اور یونیورسٹیوں میں طلباء کی توجہ اس شہپارے کے مطالعہ کی طرف ضرور مبذول کرانی چاہیے تاکہ الفاظ کی صحت کے ساتھ معنی بھی صحیح ہو جائے، کیونکہ معنی تو لفظ میں پوشیدہ ہوتا ہے اور اسی کا تابع بھی، پس الفاظ کے تلفظ میں معمولی رد و بدل بھی بہت بڑی غلطی کا موجب بنتی ہے، جیسا کہ کسی مفرد لفظ میں غلطی واقع ہو جاتی ہے اسی طرح جملوں میں بھی غلطیاں آسکتی ہیں۔ محترم ہاشمی صاحب نے پورے تتبع اور استقراء کے ساتھ عربی الفاظ کی باب وار نشاندہی کی ہے اور جو صحیح تلفظ اور درست تلفظ ہے اس کو آشکارا کیا ہے۔

© rasailojaraid.com